## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت مورخہ 5 نومبر بروز جمعہ پاکستان روانہ کی جائے گی۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

## پاکستان روانگی سے قبل ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی نماز جنازہ 4 نومبر بروز جمعرات بعد نماز ظہر

## ویسٹ ہینڈن براڈوے میں واقع ہینڈن مسجد میں ادا کی جائے گی

## ہفتہ کو ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کراچی پہنچے گی ، بعد نماز ظہر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں

## نماز جنازہ ادا کی جائے گی اور شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا

## ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کے ساتھ رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے ارکان

## رضا ہارون ، مصطفےٰ کمال ، واسع جلیل ،شہید کی بیوہ شمائلہ عمران ،شہید کے بچے ، والدین اور دیگر اہل خانہ بھی پاکستان جائیں گے

## رابطہ کمیٹی کا اجلاس ، ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کی پاکستان روانگی اور تدفین کے انتظامات کے حوالے سے مختلف فیصلے کئے گئے

لندن۔۔۔یکم نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینز اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت مورخہ 5 نومبر بروز جمعہ پاکستان روانہ کی جائے گی اور شہید کو بروز ہفتہ عزیز آباد کراچی کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔تفصیلات کے مطابق آج لندن کی پولیس نے ڈاکٹر عمران فاورق شہید کے اہل خانہ اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کو میت حوالے کرنے کے بارے میں باقاعدہ آگاہ کیا ہے اور شہید رہنما کی میت حوالے کرنے کے بارے میں ضروری انتظامات کئے جارہے ہیں جسکے بعد میت کو غسل دیا جائے گا۔ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی نماز جنازہ مورخہ 4 نومبر بروز جمعرات بعد نماز ظہر ویسٹ ہینڈن براڈوے کے علاقے میں واقع ہینڈن مسجد میں ادا کی جائے گی ۔جس کے بعد شہید رہنما کی میت اگلے روز یعنی بروز جمعہ پی آئی اے کی پرواز سے پاکستان روانہ کی جائے گی ۔ ہفتہ کو ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کراچی پہنچے گی جہاں بعد نماز ظہر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں نماز جنازہ ادا کی جائے گی جس کے بعد شہید رہنما کو شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کے ساتھ رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون ، مصطفےٰ کمال ، واسع جلیل ،شہید کی بیوہ شمائلہ عمران ،شہید کے بچے ، والدین اور دیگر اہل خانہ بھی پاکستان جائیں گے۔رابطہ کمیٹی لندن اور پاکستان کا ایک اجلاس پیر کی شب ہوا جس میں ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کی وصولی ، نماز جنازہ کی ادائیگی ، میت کی پاکستان روانگی اور کراچی میں شہید رہنما کی تدفین کے سلسلے میں انتظامات کے حوالے سے مختلف فیصلے کئے گئے ۔ رابطہ کمیٹی نے کارکنان وعوام سے اپیل کی ہے کہ وہ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے جنازے میں بھر پور تعداد میں شرکت کریں اور اپنے عظیم رہنما کو خراج عقیدت پیش کریں۔

## عدلیہ کی آزادی ، خودمختاری اور آئین وقانون کی بالادستی کیلئے وکلاء برادری کو غیر مشروط تعاون پیش کرتے ہیں۔الطاف حسین

## وکلاء برادری خصوصاً بارایسوسی ایشن کو عام آدمی کو فوری اور سستے انصاف کی فراہمی کیلئے کوششیں کرنا چاہیے

## سپریم کورٹ بارایسوسی ایشن کی صدر عاصمہ جہانگیر سے فون پر گفتگو ، بار کے انتخابات میں کامیابی پر مبارکباد پیش کی

## غریبوں کو انصاف کی فراہمی کیلئے ضرور عملی اقدامات کریں گے۔عاصمہ جہانگیر

لندن۔۔۔یکم نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سپریم کورٹ بارایسوسی ایشن کی نومنتخب صدر محترمہ عاصمہ جہانگیر کو فون کرکے انہیں اور ان کے تمام رفقاء کو بار کے انتخابات میں کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔محترمہ عاصمہ جہانگیر سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ عدلیہ کی آزادی ، خودمختاری اور آئین وقانون کی بالادستی کیلئے ہم وکلاء برادری کو اپنا غیر مشروط تعاون پیش کرتے ہیں اور اس مقصد کیلئے ہم ہر طرح سے وکلاء برادری کے ساتھ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے محترمہ عاصمہ جہانگیر سے کہا کہ وکلاء برادری خصوصاً بارایسوسی ایشن کو اب عام آدمی کو فوری اور سستے انصاف کی فراہمی کیلئے کوششیں کرنا چاہیے ، عام آدمی کو انصاف میسر ہوگا تو وہ وکلاء کو دعائیں دیں گے۔محترمہ عاصمہ جہانگیر نے حمایت وتعاون پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ وہ اور ان کے رفقاء غریبوں کو انصاف کی فراہمی کیلئے ضرور عملی اقدامات کریں گے۔

## بجلی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھنے کا اثر براہ راست ملک بھر کے غریب عوام پر پڑے گا، الطاف حسین
## ایم کیو ایم بجلی اور پیٹرولیم کی مصنوعات کی قیمتوں پر اضافہ پر شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے
## ایسے کسی اقدام کی حمایت نہیں کرے گی جو عوام کو زندہ درگور کرنے کے مترادف ہو

لندن۔۔۔یکم نومبر/2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر میں یکم نومبر سے بجلی اور پیٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ ملک کے غریب عوام پر بجلی اور پیٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں اضافی بوجھ ڈالنا عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بجلی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھنے سے اس کا براہ راست اثر ملک کے غریب ومتوسط طبقے پر پڑے گا جس سے نہ صرف ان کی مسائل ومشکلات میں مزید اضافہ ہوگا بلکہ قیمتوں میں یہ عمل غریب عوام سے جینے کا حق بھی چھین لے گا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان میں بجلی ہر فرد کی بنیادی ضرورت ہے جبکہ مٹی کا تیل اور دیگر پیٹرولیم مصنوعات بھی تقریباً ہر گھر کی اہم ضروریات میں شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت تاریخ کے نازک ترین دور سے گذر رہا ہے اور غربت اور مہنگائی سے پریشان حال غریب عوام ریلیف کی امید لیے حکمرانوں کی جانب دیکھ رہے ہیں، ایسے نازک وقت میں بجلی اور پیٹرولیم مصنوعات کی نرخوں میں اضافہ کرکے غریب عوام پر مزید مہنگائی کا بوجھ ڈالنا قطعی غیر منطقی اقدام ہے جس کی ایم کیو ایم کبھی حمایت نہیں کرے گی۔انہوں نے کہا کہ ملک میں عوام پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اور ملک کی کل آبادی کا نصف سے زائد حصہ غربت کی لکیر سے نیچے انتہائی کسمپرسی اور فاقہ کشی کی کربناک زندگی گذارنے پر مجبور ہیں، لوگ غربت اور مہنگائی سے تنگ ہوکر خودسوزی، خودکشی جیسے اقدامات پر مجبور ہیں جبکہ پیٹ کی آگ بجھانے کیلئے والدین کی جانب سے بچوں کی فروخت کے دل خراش واقعات بھی رونما ہو رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ایک جانب بیرونی قرضوں کی ادائیگی کو جواز بنا کر غریب عوام پر مہنگائی کا بوجھ ڈالا جارہا ہے جبکہ دوسری جانب جو لوگ قومی خزانے سے اربوں کھربوں روپے لیکر کھا گئے ان کے خلاف تا حال کسی بھی قسم کی کوئی کارروائی نہیں کی جارہی جو غریب عوام کے ساتھ سراسر ظلم وزیادتی ہے اور جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم بجلی اور پیٹرولیم کی مصنوعات کی قیمتوں پر اضافہ پر شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور ایسے کسی اقدام کی حمایت نہیں کرے گی جو عوام کو زندہ درگور کرنے کے مترادف ہو۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ پاکستان میں بجلی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کیے جانے والے اضافہ فی الفور واپس لیا جائے۔

## دہشت گرد قوم وملک کی سالمیت سے کھیل رہے ہیں، الطاف حسین
## صوابی میں شاہ منصور پولیس لائن پر دہشت گردوں کے حملے اور خودکش دھماکے پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔یکم، نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوابی میں شاہ منصور پولیس لائن پر دہشت گردوں کے حملے اور خودکش دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ دہشت گرد ملک وقوم کی سالمیت سے کھیل رہے ہیں۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلح افواج، سیکورٹی فورسز، عوام، مزارات اور دیگر مقامات پر خودکش دھماکے اور دہشت گردی کرنے والے عناصر انسانیت سے عاری ہیں اور سفاکیت پر یقین رکھتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ایسے درندہ صفت دہشت گرد ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں اور اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے دہشت گردی کے ذریعے بے گناہ لوگوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ صوابی میں شاہ منصور پولیس لائن پر دہشت گردوں کے حملے اور خودکش دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، دہشت گردی کے خاتمے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں اور عوامی جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔انہوں نے خودکش دھماکے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا، لواحقین سے تعزیت کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ڈوگرہ راج کے تسلط سے آزادی کیلئے گلگت بلتستان کے بہادرعوام کی قربانیاں لازوال ہیں، جناب الطاف حسین

## گلگت بلتستان کی آزادی کے موقع پر اپنے ایک خصوصی پیغام میں

## جناب االطاف حسین کی گلگت بلتستان کی عوام کو 63ویں جشن آزادی کی دلی مبارکباد

لندن ۔۔۔یکم،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کی عوام کو جشن آزادی کی دلی مبارکباد پیش کی ہے گلگت بلتستان کے 63ویں جشن آزادی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا کہ ڈوگرہ راج کے تسلط سے آزادی کیلئے گلگت بلتستان کے بہادرعوام کی قربانیاں لازوال ہیں اوراس جدوجہد آزادی کو تاریخ میں ایک مقام حاصل ہے۔جناب الطاف حسین نے صدرآصف علی زرداری اوروزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ گلگت بلتستان کے عوام کو بھی زندگی کی تمام بنیادی حقوق کی فراہمی کو یقینی بنائیں ۔انہوں نے گلگت بلتستان کے عوام کو جشن آزادی کی ایک مرتبہ پھر دلی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ پاکستان سے گلگت بلتستان کے غیورعوام کی محبت اور خلوص کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔

## ایم کیوایم نے ہمیشہ سے فنکاروں کی مشکلات کو ترجیح بنیادوں پر حل کیا ہے اورآئندہ بھی کرتی رہے گی،رابطہ کمیٹی

## نائن زیروعزیز آباد میں شعبہ اطلاعات کے ہال میں منعقدہ فنکاروں کے اہم اجلاس سے خطاب

کراچی ۔۔۔یکم/نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام گذشتہ روزایم کیوایم کے مرکز نائن زیروشعبہ اطلاعات کے ہال میں فنکاروں کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنورخالد یونس،اشفاق منگی،سیف یارخان،افتخار اکبررندھاوا،ڈاکٹرصغیراحمد نے خطاب کیا۔اس موقع پرحق پرست صوبائی وزراءعبدالرؤف صدیقی،فیصل سبزواری،خواجہ اظہار الحسن اوررکن قومی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت بھی موجودتھیں ۔اجلاس میں کراچی سمیت پاکستان بھر سے تعلق رکھنے والے فلم،ٹی وی ،ریڈیواوراسٹیج کی دنیا سے وابستہ فنکاروں نے شرکت کی اوررابطہ کمیٹی کے ارکان کو اپنے درپیش مسائل سے آگاہ کیا اوراس موقع پرفنکاروں نے مختلف آراء بھی پیش کیں ۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ ملک بھر سے تعلق رکھنے والے معروف فنکاروں کی مشکلات کو ترجیح بنیادوں پرحل کیا ہے اورآئندبھی کرتی رہے گی ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نہ صرف فنکاروں کے مسائل کے حل کیلئے سنجیدگی سے غورکررہی ہے بلکہ ان کے مسائل کے حل کیلئے لائحہ عمل بھی تیارکررہی ہے۔انہوں نے تمام فنکاروں کو ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اورایم کیوایم کی جانب سے اپنے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا اورآپس میں ہم آہنگی پیارمحبت کی فضاء کو اُجاگرکرنے کا عزم بھی کیا۔تقریب کے اختتام پرفنکاروں کی جانب سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اوررابطہ کمیٹی کا شکریہ ادا کیا۔

## ڈینگی وائرس سے بچاؤ کیلئے دواؤں سے زیادہ احتیاطی تدابیر پرتوجہ دینی چاہیئے

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کے زیراہتمام خورشید بیگم میموریل ہال میں ڈینگی وائرس کے موضوع پرلیکچر

کراچی ۔۔یکم/نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی شعبہ خواتین کے زیراہتمام خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں اجلاس منعقد کیا گیا جس میں شعبہ خواتین کی انچارج ورکن قومی اسمبلی کشورزہرا،اراکین شعبہ خواتین اورکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اجلاس میں ڈاکٹر نگہت شکیل نے ملک میں تیزی سے پھلتے ہوئے ڈینگی وائرس اوراس کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا، ڈینگی وائرس سے بچاؤ اوراس میں مبتلا ہونے کے بعداحتیاطی تدابیر کے بارے میں بھی بتایا گیا۔معلومات فراہم کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈینگی بخارایک خاص مچھر کے کاٹنے سے ہوتا ہے خصوصاً مادہ مچھر کے کاٹنے سے زیادہ نقصان ہوتا ہے اوراس کے کاٹنے سے جسم پرلال رنگ کے نشان ہوجاتے ہیں جنہیں (ریشس ) کہتے ہیں اس مچھر پرسفید اورکالے رنگ کی دھاریاں ہوتی ہیں یہ مچھر صاف پانی میں پائے جاتے ہیں اوروہیں انڈے دیتے ہیں جس کی وجہ سے ان کی افزائش میں اضافہ ہوتا ہے۔لہٰذا ہمیں ڈینگی وائرس سے بچاؤں کیلئے دوائیوں سے زیادہ احتیاطی تدابیر پرزیادہ توجہ دینی چاہیئے ۔ڈینگی وائرس کی نشاندہی پرمریض کو مکمل طور پرآرام کرنا لازمی ہے اورکھانے پینے میں جوس اوریخنی کا استعمال زیادہ ضروری ہے۔

## ایم کیوایم آزاد کشمیر کے تحت مظفر آباد میں سانحہ سہراب گوٹھ 86ء کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی
## ایم کیوایم کے ذمہ داران کی دربار سائیں سہلی سرکار پر حاضری، قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی

مظفر آباد۔۔۔یکم نومبر 2010ء

ایم کیوایم کے زیراہتمام مظفر آباد میں سانحہ سہراب گوٹھ 86ء کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی،قرآن وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں حق پرست وزیر سیاحت آزاد کشمیر طاہر کھوکھر،حق پرست رکن قانون ساز اسمبلی سلیم بٹ کے علاوہ ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزر وسن چیرٹی کے ٹرسٹی ڈاکٹر سلیم دانش،رکن سن چیریٹی منشاء خان، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن اظہار احمد،ایم کیوایم راولاکوٹ زون کے انچارج ملک عاشق اعوان،مظفر آباد زونل کمیٹی کے انچارج واراکین،مظفر آباد سٹی کے آرگنائزر اور ضلع پونچھ، باغ، فارورڈ کہوٹہ،مظفر آباد، ہٹیاں بالا، وادی نیلم ڈسٹرکٹ کے آرگنائزر و کمیٹی کے اراکین،سیکٹرز و یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان نے بھی شرکت کی۔دریں اثناء سن چیریٹی کے ٹرسٹی ڈاکٹر سلیم دانش،رکن سن چیریٹی منشاء خان،صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن اظہار احمد،صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج محمد اسلم آفریدی،آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر وزیر سیاحت طاہر کھوکھر،رکن قانون ساز اسمبلی وسابق ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ سمیت ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان اور ذمہ داران نے دربار سائیں سہلی سرکار پر حاضری دی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی اور شہدا انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق سمیت ایم کیوایم کے تمام شہداء کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی،تحریک کی کامیابی اور استحکام کیلئے بھی خصوصی دعائیں مانگیں۔

## آزاد کشمیر کے زلزلہ متاثرین کیلئے ایم کیوایم کے فلاحی سرگرمیاں کھلی کتاب کی مانند ہیں،(SUN) کے ٹرسٹیز
## آزاد کشمیر میں سن چیریٹی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کے اجلاس سے خطاب

مظفر آباد۔۔۔یکم نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے بین الاقوامی فلاحی ادارے سوسائٹی فورانویل اینڈ نیڈی (SUN) کے ٹرسٹی نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سیاست برائے خدمت کے طور پر کررہے ہیں اور انہوں نے ہمیشہ دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کا درس دیا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز آزاد کشمیر کے شہر مظفر آباد میں سن چیریٹی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کے اجلاس سے خطاب کے دوران کیا۔اجلاس سے سن کے ٹرسٹی منشاء خان،حق پرست وزیر طاہر کھوکھر اور صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم آفریدی کے علاوہ دیگر نے بھی خطاب کیا۔اجلاس میں ایم کیوایم آزاد کشمیر،مظفر آباد زون اور راولاکوٹ زون کے ذمہ داران وکارکنان نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجلا س سے خطاب کرتے ہوئے (SUN) کے ٹرسیٹز نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت ایم کیوایم کا نصب العین ہے ایم کیوایم بلاامتیاز رنگ ونسل عوام کی خدمت کرتی رہی ہے اور آزاد کشمیر میں آنے والے زلزلے میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے سن چیریٹی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن نے جس طرح متاثرین کی مدد کی وہ کھلی کتاب کی مانند ہے۔انہوں نے رضا کاروں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہمہ وقت تیار رہیں اور کسی بھی مشکل گھڑی میں عوام کو ریلیف پہنچائیں۔انہوں نے زلزلے کے دوران امدادی سرگرمیوں میں حصہ لینے والے رضاروں اور ایم کیوایم کے کارکنان وذمہ داران کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی اور کہا کہ آپ کو ایم کیوایم کے دستور العمل کے مطابق ڈھالنے کے لیے دن رات محنت کرنا ہوگی۔اس سے قبل جب (SUN) کے ٹرسٹی، ڈاکٹر سلیم دانش، ورکن سن چیرٹی منشاء خان،صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن اظہار احمد،صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج محمد اسلم آفریدی،آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر وزیر سیاحت طاہر کھوکھر،رکن قانون ساز اسمبلی وسابق ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ اور ایم کیوایم کے دیگر ذمہ داران وکارکنان کا مظفر آباد پہنچے تو کارکنان کی جانب سے متعدد مقامات پر ان کا شاندار استقبال کیا گیا۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔۔یکم نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 7 کے کارکن محمد عاصم کی والدہ محترمہ رخسانہ کاظم اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 102 کے شہید کارکن اشفاق حسین کی والدہ سروری بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارِ کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆